الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان
دار الافتاء والقضاء
ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name : **rifat**
Address : **falt no 25, f.c area , karachi**
Subject : **TALAQ**
Writer : **طارق حسين عاشق**

Serial No : **13255**
Date : **8/24/2011**
Contact No:
Email :

mere shohar ne ek talaq 26 march 2006 men di thi or ab 2 talaq ek sth di hen 22 august 2011 ko . nashey ki halat men to kiya 3 talaq waqai hogaen ? kiya nashey ki halat men talaq hoskti ho ? or unhoney ye tallaqen mujhe likh kar di hen or ab wo mana kar rhe hen k mene nashey men di hen or men chorna nhin chahta...mujhey apka fatwa chahiye... fiqah hanafi k mutabiq

میرے شوہر نے ۲۶ مارچ ۲۰۰۶ میں ایک طلاق دی اور ۲۲ اگست ۲۰۱۱ کو نشہ کی حالت میں دو طلاقیں اور دی تو کیا تین طلاقیں واقع ہوگئی؟ کیا نشہ کی حالت میں طلاق واقع ہو جاتی ہے؟ انہوں نے یہ طلاقیں مجھے لکھ کر دی ہیں اور اب وہ منع کر رہے ہیں کہ میں نے نشہ کی حالت میں دی ہیں اور میں چھوڑنا نہیں چاہتا۔ فقہ حنفی کے مطابق فتویٰ دیں۔

الجواب حامداً و مصلیاً

واضح ہو کہ نشہ کی حالت میں طلاق دینے سے بھی وہ شرعاً واقع ہو جاتی ہے لہذا صورتِ مسئولہ میں پہلی ایک طلاق کے ساتھ بعد والی دو مل کر سائلہ پر تینوں طلاقیں واقع ہو کر حرمتِ مغلظہ ثابت ہو چکی ہے۔ اب رجوع نہیں ہو سکتا اور حلالۂ شرعیہ کے بغیر دوبارہ باہم عقدِ نکاح بھی نہیں ہو سکتا۔ لہذا سائلہ ایامِ عدت گزار کر اپنی مرضی سے کسی بھی دوسری جگہ نکاح کرنے میں شرعاً آزاد ہے۔

کما قال اللہ تعالیٰ: الطلاق مرّتٰن فإمساك بمعروف أو تسريح بإحسان (الى قوله) فإن طلقها فلا تحل له من بعد حتىٰ تنكح زوجاً غيره الآية (۲۲۹/۲۳۰)۔

وفى الصحيح البخارى: عن نافع كان ابن عمر إذا سئل عمن طلّق ثلثا قال لو طلّقت مرّة أو مرتين فان النبى صلى الله عليه و سلم امرنى بهذا فان طلقها ثلثا حرمت حتى تنكح زوجا غيره (ج:۲ ص:۷۹۲)۔

وفى تنوير الابصار: و يقع طلاق كل زوج بالغ عاقل و لو عبدا أو مكرها أو هازلا أو سفيها أو سكران الخ (ج:۳ ص:۲۳۵)۔

وفى الهندية: و اذا قال لإمرأته انت طالق و طالق و طالق و لم يعلقه بالشرط ان كانت مدخولة طلقت ثلاثا و ان كان غير مدخولة طلقت واحدة وكذا إذا قال أنت طالق فطالق فطالق أو ثم طالق ثم طالق أو طالق طالق كذا فى السراج الوهاج (ج:۱ ص:۳۵۵)۔

﴿جاری ہے﴾

وفيها: و لو كانت المعتدة بالحيض أيامها عشرة فوقت اغتسالها ليس من الحيض و بنفس الانقطاع فى الحيضة الثالثة تبطل الرجعة و يحل لزوجها أن يقربها ان لم يكن طلقها و يجوز لها ان تتزوج بآخر ان كان قد طلقها الخ (ج:١ ص:٥٢٨)―――――――― والله اعلم

طارق حسين عفى عنه

دارالإفتاء جامعه بنوريه كراچى١٦

٢ ذى الحجة ١٤٣٢ھ